**بقیہ — بقیہ جات — 1**

ایڈوائزری کونسل رابنسن عزیز فرانسس، کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد عثمان سمیت دیگر بھی شریک ہوئے اور پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں سے اظہار یکجہتی کیلئے کیک بھی کاٹا گیا ہے۔ تقریب سے خطاب کے دوران گورنر پنجاب کی اہلیہ بیگم پروین سرور نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو قائداعظم محمد علی جناح کے ویژن کے مطابق تمام حقوق فراہم کیے جارہے ہیں پاکستان کا پرچم سبز اور سفید ہے اقلیت اور اکثریت صرف تعداد کا نام ہے ہم نے سرور فاؤنڈیشن کے پلیٹ فارم سے عوام کو صحت، تعلیم اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے اقلیتوں کیساتھ ملکر بہت کام کیا ہے سب پاکستان کا مستقبل ہیں۔ پروین سرور نے کہا کہ آج کے دن دنیا کو یہ بتانا ہے کہ پاکستان میں سکھوں، ہندوں سمیت تمام اقلیتوں کو مکمل تحفظ اور مذہبی آزادی حاصل ہے اور حکومت کے تمام ادارے اقلیتوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنارہے ہیں۔ رکن قومی اسمبلی جمشید تھامس نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں کو جتنا تحفظ اور مذہبی آزادی حاصل ہے دنیا میں اسکی کوئی اور مثال نہیں ملتی مگر بھارت میں اقلیتوں کیساتھ بدترین ظلم اور ناانصافی کی جارہی ہے جسکے لیے اقوام متحدہ سمیت دیگر انسانی حقوق کے عالمی اداروں کو سخت نوٹس لینا چاہیے پاکستان میں بسنے والی اقلیتیں بھی پاکستانی ہیں انکو وہی حقوق حاصل ہے جو کسی اور پاکستانی کو حاصل ہے۔ کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد عثمان نے کہا کہ اقلیتوں کا پاکستان کے قیام، ترقی اور حفاظت میں بہت بڑا حصہ ہے، پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق واضح روشن ہیں ہر پاکستانی سن آف سائل ہے اور اقلیتوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور جہاں بھی اقلیتوں کیساتھ کوئی ناانصافی کا واقعہ ہوتا ہے وہاں حکومتی ادارے سخت ایکشن لیتے ہیں۔

**بقیہ — بقیہ جات — 2**

اداروں اور صنعت کے درمیان فرق کو کم کرنے کیلئے تربیت، تجزیئے اور رابطوں کو مئوثر بنایا جائے گا۔ دونوں ادارے صحت، تحفظ اور ماحولیات سے متعلق آگاہی کیلئے خصوصی سیشن منعقد کریں گے۔ ٹیکنالوجی کمپنی یونیورسٹی میں ٹیکنیکل پریزنٹیشن کا انعقاد کرے گی، طلبا کیلئے سافٹ وئیر عطیہ کرنے کے علاوہ انہیں انٹرن شپ بھی فراہم کرے گی۔ معاہدے پر وائس چانسلر یوای ٹی پروفیسر ڈاکٹر سید منصور سرور اور مینجنگ ڈائریکٹر شلمبر گر زروزی ترکئی نے دستخط کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے دونوں نے یونیورسٹی اور صنعت میں رابطوں کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر نوید، رمضان، پروفیسر ڈاکٹر زبیر ابوبکر، پروفیسر ڈاکٹر خرم ظہور، پروفیسر ڈاکٹر صائمہ یاسین، ڈاکٹر محمد شفیق بھی موجود تھے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں خواتین کی معاونت پر پروفیسر صائمہ نے شلمبر گر کے کردار کو سراہا۔

**بقیہ — بقیہ جات — 3**

کے صوبے بدخشاں کے دارالحکومت فیض آباد کا کنٹرول حاصل کرنے کا دعوی کیا۔ خیال رہے کہ یہ طالبان کی جانب سے 6 روز میں افغانستان کے آٹھویں صوبائی دارالحکومت پر قبضہ ہے۔ واضح رہے کہ صوبہ بدخشان کی سرحدیں پاکستان، چین اور تاجکستان سے ملتی ہیں۔ صوبے بدخشان پر قبضے کے بعد نہ صرف طالبان ...

کرے۔ بابر اعوان نے کہا کہ الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے اس کی تحقیقات پارلیمنٹ کیسے کرسکتی ہے؟ کراچی اور اندرون سندھ سے بھی شکایات آئیں کہ جعلی ڈومیسائل پر بھرتی ہوئی، ڈومیسائل کی تحقیقات صوبائی حکومت کرے اور آگاہ کرے تو اس پر کارروائی ہوسکتی ہے۔ فہیم خان نے کہا کہ نادرا کو ڈومیسائل بنائے، کراچی کے لوگوں کو تین سال سے سرکاری اداروں میں لوگ بھرتی نہیں کیئے گئے۔ بابر اعوان نے کہا کہ ڈومیسائل ضلعی انتظامیہ بناتی ہے، نادرا کو کہا جاسکتا ہے کہ وہ اس تجویز پر غور کرے، جو جعلی ڈومیسائل کے ذریعے بھرتیاں ہوتی ہیں وفاق اس پر ایکشن لینے کیلئے تیار ہے۔ اسامہ قادری نے کہا کہ کراچی میں چالیس لاکھ جعلی شناختی کارڈ بنے اس معاملے پر کمیٹی بنائی جائے۔ بابر اعوان نے کہا کہ پہلی حکومت ہے جس نے جعلی شناختی کارڈ کے معاملے پر ایکشن لیا، بابر اعوان نے کہا کہ جعلی ڈومیسائل کا فیصلہ تو ضلعی انتظامیہ کرے گی، جتنی بھی نوکریاں چوری ہوئی ہیں منتخب نمائندے اس سلسلے میں حکومت کی مدد کریں۔ ڈپٹی اسپیکر نے جعلی ڈومیسائل پر بھرتی کا معاملہ متعلقہ کمیٹی کو بھیج دیا۔

**بقیہ — بقیہ جات — 11**

اور پاکستان کو کورونا سے محفوظ بنائیں۔ دوسری جانب نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے تازہ ترین اعدادوشمار کے مطابق کورونا وائرس سے 102 افراد جاں بحق ہوگئے، جس کے بعد اموات کی تعداد 24 ہزار 187 ہوگئی۔ پاکستان میں کورونا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 10 لاکھ 85 ہزار 294 ہوگئی۔ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 934 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، پنجاب میں 3 لاکھ 68 ہزار 195، سندھ میں 4 لاکھ 6 ہزار 109، خیبر پختونخوا میں ایک لاکھ 50 ہزار 26، بلوچستان میں 31 ہزار 341، گلگت بلتستان میں 9 ہزار 43، اسلام آباد میں 92 ہزار 233 جبکہ آزاد کشمیر میں 28 ہزار 347 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ملک بھر میں اب تک ایک کروڑ 66 لاکھ 75 ہزار 527 افراد کے ٹیسٹ کیے گئے، گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 59 ہزار 397 نئے ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک 9 لاکھ 75 ہزار 474 مریض صحتیاب ہوچکے ہیں جبکہ 4 ہزار 584 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ پاکستان میں کورونا سے ایک دن میں 102 افراد جاں بحق ہوئے جس کے بعد وائرس سے مرنے والوں کی تعداد 24 ہزار 187 ہوگئی۔ پنجاب میں 11 ہزار 292، سندھ میں 6 ہزار 316، خیبر پختونخوا میں 4 ہزار 604، اسلام آباد میں 824، بلوچستان میں 332، گلگت بلتستان میں 161 اور آزاد کشمیر میں 658 مریض جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

**بقیہ — بقیہ جات — 12**

وہ جیل میں کس کس کے ساتھ رہا اور اس کی دوستی کس کس سے تھی۔ مرکزی ملزم کے جیل ساتھیوں کا پروفائل بھی چیک کیا جائے گا۔ اسی طرح یہ بھی دیکھا جائے گا کہ ملزم ناظم نے رہائی کے بعد کن افراد سے ملاقات کی؟ ان سے کیا مشاورت کی گئی ان افراد نے ملزم کو کیسے مدد دی۔ یہ سب تفصیلات اکٹھی کی جائیں گی۔ یاد رہے ابھی تک پولیس نے مرکزی ملزم ناظم اور اس کے ایک ساتھی عمر حیات کو گرفتار کررکھا ہے۔ ملزم ناظم نے وزیراعلی پنجاب کی موجودگی میں صوبائی وزیر اسد کھوکھر کے بھائی کو شادی کے پنڈال میں قتل کردیا تھا۔

